© rasailojaraid.com



ہمارا ساتھ دیا ہے۔ مجھے یقین نہیں آتا کہ کوئی عاشق رسول قرآن پاک کو جلا سکے' انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ امریکہ کے آلہ کاروں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے۔ مولانا سمیع الحق نے معروف دینی درسگاہ مدرسہ مدینۃ العلم بھی گئے جہاں طلباء سے مختصر خطاب اور مدرسہ کی ترقی کیلئے دعا کی۔ یہاں سے قریب میں واقع جامعہ اشرف المدارس جو فیصل آباد کا قدیم ترین مدرسہ ہے جس کی نگرانی جمعیت کے جنرل سیکرٹری مولانا عبیداللہ گورمانی کر رہے ہیں' میں ضلعی جمعیت کی طرف سے دیئے گئے ظہرانہ میں شرکت کی۔ اور جمعیت علماء اسلام کی رکنیت سازی مہم کا جائزہ لیا گیا۔ مولانا سمیع الحق نے جمعیت کے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ اکابر کے اس عظیم پلیٹ فارم پر تمام طبقات کو جمع کرنے کی دعوت دیں اور کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ لوگ جمعیت میں شامل کریں۔ مولانا سمیع الحق نے مفتی زین العابدین کے نواسے مولانا مفتی محمد ضیاء کی دعوت پر نماز عصر جامع مسجد کچہری بازار میں پڑھی اور وہاں پر موجود تقریباً پانچ ہزار تاجروں اور نمازیوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی آزادی کے لئے تمام طبقات کو جدوجہد کرنی ہوگی۔ یہ صرف علماء کی ذمہ داری نہیں ہے اگر ملک موجود ہو تو سب کچھ ہوگا اور اگر ملک ہاتھ سے چلا گیا تو کچھ نہیں ہوگا۔ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ ہمیں اپنی خارجہ پالیسی سے خطرہ ہے اس نے ملک وقوم کو عذاب میں ڈالا ہوا ہے' وقت کی ضرورت ہے کہ ملک کے تمام سیاسی اور مذہبی لیڈر آپس میں مل بیٹھ کر قوم کو امریکی عذاب سے نجات دلائیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام (س) نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ پاکستان کے سیاستدانوں' تاجروں' دانشوروں کے پاس جائیں گے اور انہیں بتائیں گے کہ ملک کو امریکی پالیسیوں سے آزاد کرانا ہوگا۔ اس سے ایک روز قبل لاہور میں جے ٹی آئی (س) کے طرف سے سرور کائنات ؐ اور امن عالم پر منعقدہ ایک بڑے کنونشن میں شرکت کی جس کا انتظام جمعیۃ کے جناب ظہیر الدین بابر اور ان کے صاحبزادگان نے کیا تھا۔

**محمد فیروز خان فاضل دیوبند کی وفات:** جمعیت علماء اسلام کے مرکزی نائب امیر حضرت شیخ ...میت مولانا فیروز خان ثاقب فاضل دارالعلوم دیوبند' بانی دارالعلوم مدنیہ ڈسکہ ۱۲ مارچ کو انتقال فرما گئے۔ مولانا نے ... کے ہر محاذ اور ہر مرحلہ پر مکمل ساتھ دیا اور عزیمت واستقامت کے پہاڑ ثابت ہوئے۔ ہر باطل کے مقابلہ میں ...ر جمعیت اکابر دیوبند کا نمونہ پیش کرتے رہے۔ مولانا سمیع الحق سے آخر تک والہانہ تعلق رہا۔ نماز جنازہ میں ...روں افراد نے شرکت کی ان کی وصیت کے مطابق جنازہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے پڑھایا۔ اس موقع پر ... کے نوجوان صاحبزادہ مولانا محمد ایوب کی دستار بندی کی گئی اور انہیں مدرسہ کے اہتمام کی ذمہ داری دی گئی۔ ...دارالعلوم اور جمعیۃ ان کے سانحہ غم میں شریک ہے' دارالعلوم میں ان کے ایصال ثواب کا اہتمام کیا گیا۔

**جمعیۃ کے رہنما مولانا شیخ محمد شفیع کی شہادت:** ۱۷ رفروری (اکوڑہ خٹک) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا سمیع الحق نے کہا ہے کہ ... شیخ محمد شفیع کا بہیمانہ قتل حکومت کے منہ پر طمانچہ ہے۔ وہ علاقہ کے ایک مخلص اور

© rasailojaraid.com